کتاب نما

الحکمت فی الدعوۃ الی اللہ تعالیٰ، سعید بن علی بن وہف، مترجم: آصف جاوید۔ ناشر: النور پبلی کیشنز، H-۱۰۲، گلبرگ، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۵۷۴۸۷۳۷۔ صفحات: ۴۹۷۔ قیمت: ۴۰۰ روپے۔

الحکمت فی الدعوۃ الی اللہ تعالیٰ، معروف عرب عالمِ دین سعید بن علی بن وہف القحطانی کے ایم اے علومِ اسلامیہ کا مقالہ ہے۔ یہ مقالہ امام محمد بن سعود اسلامی یونی ورسٹی، سعودی عرب میں پاکستانی عالم دین ڈاکٹر فضل الٰہی کی زیرنگرانی لکھا گیا۔ مقالہ نگار نے قرآن وسنت کی نصوص اور رسولؐ اللہ کے دعوتی کردار کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ بنیادی مصادر اور صحابہ، تابعین، تبع تابعین کے نمونے پیش کیے ہیں۔ احادیث و آثار کو مصادر اصلیہ سے لیا گیا ہے۔ صحیح اور حسن احادیث سے استدلال کیا گیا ہے۔ احادیث اور آثار کے فرق کو بھی ساتھ ساتھ بیان کردیا گیا ہے۔

کتاب کے مشتملات کو چار ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا باب حکمت کے مفہوم، انواع، درجات، ارکان اور حصول کے ذرائع پر مشتمل ہے۔ دوسرا باب 'حکیمانہ کردار' پر بحث کرتا ہے جس میں رسولؐ اللہ، صحابہ کرامؓ، تابعین، تبع تابعین اور عبقری شخصیات کے حکیمانہ کردار کو پانچ فصول میں الگ الگ بیان کیا ہے۔ رسولؐ اللہ کے کردار کو قبل از ہجرت اور بعد از ہجرت کے دو مراحل میں تقسیم کر کے بیان کیا گیا ہے۔ مخاطبینِ دعوت کے ساتھ حکیمانہ کلام کے تحت ملحدین، مشرکین، اہلِ کتاب اور اہلِ اسلام کے ساتھ دعوتی گفتگو، مباحثہ و مکالمہ کو زیربحث لایا گیا ہے۔ غیرمسلم مخاطبینِ دعوت کے ساتھ گفتگو کے لیے خاص طور پر اور اہلِ اسلام کے ساتھ خطاب دعوت کے لیے عمومی طور پر رہنمائی دی گئی ہے۔ مخاطبینِ دعوت کے خلاف قوت کے حکیمانہ استعمال کو بھی موضوع بحث بنایا ہے۔ اسے بھی دو فصول: ۱- کفار کے خلاف قوت کا حکیمانہ استعمال، اور ۲- عاصی اہلِ اسلام کے خلاف قوت کے حکیمانہ استعمال کو شرعی نصوص اور دلائل و نظائر کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ دوسرے لفظوں میں حدود و تعزیرات کے حکیمانہ نفاذ اور بین الاقوامی تعلقات میں طاقت کے استعمال میں حکمت سے